© rasailojaraid.com



# دارالمصنفین اعظم گڑھ کی پچاس سالہ جوبلی

بر صغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی دینی وعلمی خدمت کرنے والے چند ممتاز ترین اداروں میں دارالمصنفین اعظم گڑھ (یوپی—ہند) کا بجا طور سے شمار کیا جاسکتا ہے ۔ اور اس ادارے کی سب سے امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس اکیلے ادارے نے گذشتہ پچاس سالوں میں اسلامی تاریخ پر اردو زبان میں اتنا کثیر ذخیرہ جمع کردیا ہے کہ اس موضوع کے طالبان علم دوسری زبانوں سے بہت حد تک مستغنی ہوگئے ہیں ۔ دارالمصنفین کی بنیاد مولانا شبلی مرحوم نے رکھی تھی ۔ لیکن وہ صرف بنیادی رکھ سکے تھے ۔ اس کے صحیح بانی اور اسے پروان چڑھانے والے در اصل مولانا سید سلیمان ندوی مرحوم تھے ۔ سید صاحب قبلہ کی زیر ہدایت دارالمصنفین کے ارکان نے ایک طویل عرصے تک جس خلوص، للہیت، محنت جگر کاوی اور ایثار سے علمی خدمات سر انجام دیں وہ بر صغیر کے مسلمانوں میں اپنی مثال آپ ہے ۔

۲۰ اور ۲۱ ۔ فروری کو اعظم گڑھ میں دارالمصنفین کی بڑے شاندار طریقے سے پچاس سالہ جوبلی منائی گئی ہے ۔ جس میں حکومت ہند کے اعلیٰ نمائندوں کے علاوہ پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم دھلی بھی شریک ہوئے ۔ اور اس موقع پر حکومت پاکستان کی طرف سے پچیس ہزار روپے کا عطیہ بھی دارالمصنفین کو نذر کیا گیا ۔

ہم اس تقریب پر ارباب دارالمصنفین کو دلی مبارک باد پیش کرتے ہیں ۔ اور دعاکرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ ان کے عزائم کو اور بلند کرے ۔ انھیں اور ہمت دے تاکہ وہ اس ادارہ کو مزید ترقی دے سکیں ۔

مدیر

© rasailojaraid.com